رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2021-2019 تا 2023-2021 )

اردو (لازمی) — 023 ۔ فرسٹ اینول ۔ ( دہم کلاس ) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : II (انشائیہ طرز) — ( دوسرا گروپ ) — کل نمبر : 60

## ( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی مختصر تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

**( حصہ نظم )**

(i) اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا — یقین ہو گیا ، اعتبار آ گیا ہے

(ii) گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر — بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر

(iii) یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی — ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی

(iv) جلوۂ قدرت کا شاہد ، حسنِ فطرت کا گواہ — ماہ کا دل ، مہر عالم تاب کا نورِ نگاہ

**( حصہ غزل )**

(v) یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا — جہاں بادِ صرصر ، صبا ہو گئی ہے

(vi) آدمی آدمی سے ملتا ہے — دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

(vii) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں — ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

## ( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے : 5,5

(الف) فقیر تو یہ کہتا ہوا اور جن پر اس قصے کا اثر ہوا، ان کی خیرات لیتا ہوا آگے بڑھ گیا۔لیکن میرے دل میں چند خیالات پیدا ہوئے اور میں نے اپنی حالت کا مقابلہ اس سے کیا اور مجھے خود تعجب ہوا کہ اکثر امور میں ، مَیں نے اس کو اپنے سے اچھا پایا۔ یہ صحیح ہے کہ میں کام کرتا ہوں اور وہ مفت خوری سے دن گزارتا ہے۔ نیز یہ کہ میں نے تعلیم پائی ہے ، وہ جاہل ہے۔ میں اچھے لباس میں رہتا ہوں ، وہ پھٹے پرانے کپڑے پہنتا ہے۔بس یہاں تک میں اس سے بہتر ہوں۔

( ورق الٹیے )

202-023-II-(Essay Type)-138000



3- (ب) ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ اس کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ قضا اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اس غریب پر ٹوٹ پڑا۔ اتنا کاٹا، اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟ (ii) لوک کہانی سے کیا مراد ہے؟ چغل خور کس شرط پر کسان کے ہاں ملازم ہوا؟

(iii) نام دیو کی موت کا سبب کیا تھا؟ (iv) قدرت اللہ شہاب کی خودنوشت کا کیا نام ہے اور وہ کس شہر میں اپنی ملازمت کا تذکرہ کرتے ہیں؟

(v) قافیہ کی تعریف کیجیے اور دو مثالیں دیجیے۔ (vi) اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کون سا ایک لفظ کہہ کر بنائی اور حمد کے شاعر کون ہیں؟

(vii) نظم '' مال گودام روڈ '' میں گھوڑوں پر کیا بیتی؟ (viii) ترکی میں جمعۃ المبارک کا آدھا آدھا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مرزا محمد سعید ۔ (ii) علی بخش ۔ 5

6- درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے : (i) عیدین ۔ (ii) تعلیم نسواں ۔ (iii) محسنِ انسانیت ﷺ ۔ 15

7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے : 10

اسلام نے لفظ قوم کے معنی بدل دیے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے ، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا ماچین کا پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستان میں، وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

سوالات : (i) اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟ (ii) کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

(iii) اسلام میں ترکی کے مسلمان ، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز ہو گا؟

(iv) کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟ (v) اس عبارت کا عنوان لکھیے۔